کربلا کے مقتل سے تنہا زینب اٰئي هے

بین تھے یہ دُکھیا کے میں تمهیں کہاں پاؤں
بھائي اب میرے تمکو دھنوڈھنے کہاں جاؤں
اپنا منھ میں امّاں کو کس طرح سے دِکھلاؤں
اب مدینة میں قسمت کس طرح سے لائي هے
کربلا کے مقتل سے تنہا زینب اٰئي هے

جس گھڑي میں نکلي تھي ساتھ میرا بھائي تھا
قلب و جان حیدر تھا دین کا فدائي تھا
فاطمة کا بیٹا تھا شاہِ کربلائي تھا
چھوڑ کر مدینے کو کربلاء بسائي هے
کربلا کے مقتل سے تنہا زینب اٰئي هے

مر گئے علي اصغر مر گئے علي اکبر
رن میں هو گیا پامال لاشه قاسمِ مُضطر
سو رها هے دریا پر اِبنِ ساقيِّ کوثر
عون اور محمد کو رن میں کھو کے اٰئي هے
کربلا کے مقتل سے تنہا زینب اٰئي هے

عبد سیدنا المنعام طعش معزملاّ نذر علي پارسولا (گلیاکوٹ والا) الفحیحیل الکویت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء

جب مدینه پهنچونگي کیا کهونگي لوگوں سے

مر گیا میرا بهائي کیا کهونگي لوگوں سے

قتل هو گئے فرزند کیا کهونگي لوگوں سے

آج میرے کنبے کي شام سے رِهائي هے

کربلا کے مقتل سے تنها زینب آئي هے

یه کهوں مدینے سے اے میرے وطن والو

لٹ گیا چمن میرا اے میرے وطن والو

آؤ آ کے پرسه دو اے میرے وطن والو

ساتھ تها جو کل میرے اب کهاں وه بهائي هے

کربلا کے مقتل سے تنها زینب آئي هے

*****